نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

آئی پی ایم نمائشی پلاٹوں کا ڈیٹا اور ریکارڈ درست مرتب کیا جائے تا کہ کپاس کی نگہداشت کے لائحہ عمل میں بہتر رہنمائی مل سکے۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل

لاہور: 7 مئی 2024:(   ) سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے کہا ہے کہ کپاس پر آئی پی ایم تجربات کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے مددو معاون ثابت ہوں گے۔ آئی پی ایم نمائشی پلاٹوں کا ڈیٹا اور ریکارڈ درست مرتب کیا جائے تا کہ آئندہ کپاس کی نگہداشت کے لائحہ عمل میں بہتر رہنمائی مل سکے۔ سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے مزید کہا کہ جن کاشتکاروں نے گزشتہ سال کپاس پر آئی پی ایم ماڈل کو اپنایا ان کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا۔انہوں نے کہا کہ بائیولوجیکل لیبارٹریوں میں افزائش کردہ کسان دوست کیڑوں کی فیلڈ میں بروقت فراہمی سے بھی ضرررساں کیڑوں کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ آئی پی ایم پلاٹس میں ضرررساں کیڑوں کے نقصان کی معاشی حد سے تجاوز کی صورت میں صرف آزمودہ اور اعلیٰ کوالٹی کی زہریں سپرے کرائی جائیں گی۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے بتایا کہ محکمہ زراعت نے امسال کپاس پر آئی پی ایم ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے بھرپور عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔صوبہ میں 1062 ایکڑ پر کپاس کے 272 آئی پی ایم نمائشی پلاٹس لگائے جائیں گے۔جنوبی پنجاب میں 678 ایکڑ رقبہ پر 185 آئی پی ایم پلاٹ کاشت کیے جائیں گے کیونکہ صوبہ کی کل کاشتہ فصل کا 92 فیصد رقبہ جنوبی پنجاب میں ہے۔انہوں نے کہا کہ ماہرین آئی پی ایم۔ پلاٹس میں موقع پر جا کر باقاعدگی سے کاشتکاروں کو عملی رہنمائی فراہم کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے ترجیحاً پہلے سپرے میں ممکنہ حد تک تاخیر کرائی جائیگی۔

☆☆☆☆